Royal College of Anaesthetists

Association of Paediatric Anaesthetists of Great Britain and Ireland

# جنرل اینیستھیزیا

## نوجوانوں کے لیے ہدایت نامہ

## جنرل اینیستھیزیا

جنرل اینیستھیزیا اس وقت ہوتا ہے جب آپ کا اینیستھیٹسٹ کوئی دوا ( یا بعض اوقات اینیستھیٹک گیس) کا استعمال کرتے ہوئے آپ کو گہری نیند جیسی حالت میں پہنچا دیتا ہے، جس کے دوران آپ کچھ دیکھ، سن یا محسوس نہیں کر سکتے. اس کا مطلب ہے کہ آپ بے ہوش ہیں اور اس وقت تک بیدار نہیں ہو سکتے، جب تک اینیستھیٹک کے اثرات ختم نہیں ہو جاتے. جنرل اینیستھیزیا بہت سے طبی طریقہ کار کے لیے ضروری ہے جس میں سرجری/آپریشنز اور کچھ طبی ٹیسٹ شامل ہیں.

## اینستھیزیا ٹیم

اینستھیٹسٹ وہ ڈاکٹر ہوتے ہیں جنہوں نے سرجری اور/یا ٹیسٹ کروانے کے دوران لوگوں کو آرام دینے اور محفوظ رکھنے کے لیے بے ہوشی کی دوائیں استعمال کرنے کی تربیت میں مہارت حاصل کی ہو. آپ اور آپ کے والدین/تیماردار آپ کے عمل سے پہلے ایک اینستھیٹسٹ سے ملیں گے. وہ اس عمل کے لئے آپ کی بے ہوشی اور درد سے نجات کے لیے آپ کے ساتھ ایک منصوبہ پر اتفاق کریں گے. وہ آپ کے کسی بھی سوال کا جواب دینے میں خوش ہوں گے. عملے کے دوسرے ارکان اور اینستھیزیا ایسوسی ایٹس، آپریٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے پریکٹیشنرز (جنہیں کبھی کبھی ODPs بھی کہا جاتا ہے) اور تھیٹر نرسیں اینستھیٹسٹ کی مدد کریں گے.
آپ کو عمل سے کچھ ہفتے یا دن پہلے ایک ابتدائی تشخیصی کلینک میں بھی بلایا جا سکتا ہے. وہاں ایک نرس آپ سے آپ کی صحت سے متعلق سوال کرے گا/کرے گی اور کسی بھی ضروری ٹیسٹ کا انتظام کیا جائے گا. اگر آپ کو، آپ کے والدین یا تیماردار کو کوئی بھی سوال پوچھنا ہو تو یہ انہیں پوچھنے کا ایک اچھا موقع ہے.

## رضامندی

اینستھیٹسٹ آپ اور آپ کے والدین/تیماردار کے ساتھ مل کر آپ کی دیکھ بھال کے منصوبے پر اتفاق کرے گا. جب تک کہ منصوبہ پر بات چیت اور اتفاق نہیں ہو جاتا، آپ کو کچھ نہیں ہوگا- آپ جتنے چاہیں سوالات پوچھ سکتے ہیں تاکہ آپ جو کچھ ہو رہا ہے اسے سمجھ سکیں اور منصوبہ پر 'رضامندی' (اتفاق) دیں سکیں. جب آپ اپنی نگہداشت کے مجوزہ منصوبے سے خوش ہوں گے تو آپ یا آپ کے والدین یا نگہداشت کنندہ رضامندی کی دستاویز پر دستخط کریں گے . اگر آپ کی عمر اتنی نہیں ہے کہ آپ اپنے رضامندی کے فارم پر خود دستخط کرسکیں.تو آپ کے والدین یا تیماردار کو آپ کی سرجری کی رضامندی دینی ہوگی بڑے ہونے کے بعد آپ ان فیصلوں میں رائے دے پائیں گے.

آپ بچوں اور نوجوانوں کی رضامندی کے متعلق مزید درج ذیل میں پڑھ سکتے ہیں:
برطانیہ : https://bit.ly/NHS-consent
اسکاٹ لینڈ : https://bit.ly/NHSinform-consent.

# آپ کی بے ہوشی کی دوائی کے لیے تیاری

## آپ کی صحت

- آپ کو بے ہوشی کی دوائی لینے سے پہلے ہر ممکن حد تک صحت مند ہونے کی ضرورت ہے۔ بے ہوشی کی دوا لینے سے پہلے طرز زندگی میں صحت مند تبدیلیاں کرنے سے آپ کو زیادہ تیزی سے صحت یاب ہونے میں مدد ملے گی ۔
- اگر آپ کر سکتے ہیں تو اپنے آپریشن سے چھ ہفتے قبل سے دوسرے لوگوں کے سگریٹ کے دھوئیں یا بخارات میں سانس لینے سے بچنے کی کوشش کریں- یہ بھی اہم ہے کہ آپ سگریٹ نوشی یا ویپ کا استعمال نا کریں. اس وقت کے دوران، آپ کے ساتھ رہنے والے ہر فرد سے جو تمباکو نوشی یا ویپ کا استعمال کرتا ہے، اس سے باہر جا کر ایسا کرنے کے بارے میں کہنے پر غور کریں. سرجری سے کچھ عرصہ قبل سگریٹ چھوڑنا یا کم کرنا ہسپتال میں آپ کے قیام کی مدت کو کم کر سکتا ہے اور زخموں کے بھرنے اور پھیپھڑوں کے کام کو بہتر بنا سکتا ہے۔
- سرجری سے دنوں یا ہفتوں پہلے سے آپ کو شراب نہیں پینی چاہیے. زیادہ شراب نوشی آپ کے جگر کو ٹھیک سے کام نہ کرنے اور آپ کی شفایابی کو سست کرنے کا سبب بن سکتی ہے.
- آپ کی اپنی حفاظت کے لیے، آپ کے اینستھیٹسٹ کو یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ آیا آپ مانع حمل گولی لے رہے ہیں یا کسی بھی طرح کی نشیلی ادویات یا کسی بھی قسم کے سپلیمنٹس لیتے ہیں-
- جب اینستھیٹسٹ آپ سے سگریٹ، شراب اور منشیات لینے کے بارے میں سوالات پوچھیں گے، اپنے جوابات ایمانداری سے دیں. ہم جانتے ہیں کہ ان مسائل پر بات کرنا عجیب ہو سکتا ہے، لہذا اگر آپ اپنے والدین/تیماردار کے موجود نہ ہونے کو ترجیح دیتے ہیں، تو آپ اینستھیٹسٹ سے تنہائی میں بات کرنے کو کہہ سکتے ہیں. ایمانداری کی وجہ سے آپ کسی مشکل میں نہیں پڑیں گے!
- اگر آپ سرجری کروا رہیں ہے تو آپ کو اپنی غذا اور صحت پر بھی غور کرنا ہوگا. آپریشن کے انتظار کے دورانیہ کو آپ اپنی حالت کو ممکنہ حد تک بہتر بنانے میں استعمال کرسکتے ہیں، تاکہ آپ جلدی صحت یاب ہو سکیں اور معمول کی زندگی میں واپس آ سکیں. سرجری کی تیاری کے متعلق مزید معلومات مختلف زبانوں میں یہاں دستیاب ہیں: www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages.
- اگر آپ کو کوئی طویل مدتی طبی مسائل ہیں جن پر اچھی طرح سے قابو نہیں پایا جا سکا ہے، تو آپ یا آپ کے والدین/ تیماردار کو آپ کی سرجری کی تاریخ سے پہلے اپنے جی پی یا ماہر سے رابطہ کرنا چاہیے اور انہیں بتانا چاہیے کہ آپ کو اینیستھیٹک لگنی ہے. آپ ان سے اس بارے میں بات کر سکتے ہیں کہ ہسپتال میں اپنے قیام کے دوران آپ کو اور آپ کے اینستھیسٹسٹ کو آپ کو زیادہ سے زیادہ محفوظ رکھنے کے لیے کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے.
- اپنی دوائیں جو آپ باقاعدگی سے لیتے ہیں اپنے ساتھ ہسپتال لے آئیں. اگر آپ کو کوئی دوا روکنے کی ضرورت ہو تو ہسپتال کا عملہ آپ کو مشورہ دے گا.
- اگر ممکن ہو تو، کسی بھی الرجی یا خاندان کے کسی ایسے فرد کے بارے میں معلومات حاصل کریں جنہیں اینستھیٹک کا ردعمل ہوا ہو، تاکہ آپ اپنے اینستھیسٹسٹ کو بتا سکیں.
- کوئی بھی لڑکی جس کو ماہواری آنے لگی ہو یا اس کی عمر بارہ سال سے زائد ہو، کے پیشاب کے نمونے کے ذریعے حمل کا ٹیسٹ کروانا معمول کی بات ہے. ایسا اس لیے ہے کہ حمل، حتی کہ ابتدائی حمل، اینیستھیٹک کے عمل پر اثر انداز ہوسکتا ہے، اس لیے اینیستھیٹسٹ کو اس کا علم ہونا ضروری ہے. کچھ علاج اور ٹیسٹس بچے کو نقصان پہنچا سکتے ہیں. ڈاکٹر اور نرس یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک حساس موضوع ہے اور اس لیے سب سے محفوظ اور بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہر کسی کی جانچ کی جائے. اسپتال کا عملہ ایسے ٹیسٹس بہت جلدی اور خاموشی سے کرنے کے عادی ہیں.

مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں: https://flipbooks.leedsth.nhs.uk/LN005583.pdf.

## بے ہوشی کی دوائی سے پہلے کھانا اور پینا

- اسپتال کو آپ کو اس بارے میں واضح ہدایات دینی چاہئیں کہ آپ کو اپنے طریقہ کار سے پہلے کب کھانا پینا بند کرنا چاہئے ۔
- ان ہدایات پر صحیح طریقے سے عمل کرنا اہم ہے. اگر آپ کے بے ہوشی کے دوران آپ کے پیٹ میں کھانا یا مائع موجود ہو، تو وہ آپ کے گلے میں اوپر آ سکتا ہے اور آپ کے پھیپھڑوں میں داخل ہوسکتا ہے. یہ آپ کے پھیپھڑوں میں گھٹن پیدا کر سکتا ہے یا شدید نقصان پہنچا سکتا ہے. آپ کو عام طور پر کم مقدار میں صاف مائع (عام طور پر پانی یا پتلا اسکواش) کی ترغیب دی جائے گی – جو بے ہوشی کی دوا کے وقت سے قبل تک لینا محفوظ ہے.

## لباس

- کچھ ڈھیلا اور آرام دہ پہنیں جسے بعد میں دھونا آسان ہو. نئے یا قیمتی کپڑے پہن کر اسپتال آنے سے پرہیز کریں.
- پوچھیں کہ کیا آپ کو پاجامہ، چپل اور/یا ڈریسنگ گاؤن لانے کی ضرورت ہے یا نہیں.
- گھر جانے کے لیے بدلنے کے لیے کچھ کپڑے لے آئیں.
- آپ کو ہسپتال کا گاؤن پہننے کے لئے کہا جا سکتا ہے.
- عام طور پر جب آپ تھیٹر جاتے ہیں تو آپ اپنے زیادہ سے زیادہ زیر جامہ پہن سکتے ہیں، بشمول چولی اگر اس میں دھاتی انڈر وائرنگ نہیں ہے، لیکن اپنی نرس سے چیک کریں. آپریشن یا ٹیسٹ کے دوران بعض اوقات زیر جامہ اتارنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے.
- کبھی کبھار سرجن جراحی کے حصے سے کچھ بال مونڈ سکتا ہے، لیکن اگر ایسا ہو گا تو وہ عام طور پر آپ کو پہلے ہی بتا دیں گے.
- آپ کو آپ کے آپریشن سے پہلے، گھٹنے کی لمبائی کے لچک دار موزے پہننے کے لیے کہا جا سکتا ہے. یہ خون کے جمنے کو روکنے کے لیے آپ کی ٹانگوں کے گرد خون کو اچھی طرح سے حرکت میں رکھنے میں مدد کرتے ہیں.

## زیورات اور میک اپ

- اگر ممکن ہو تو براہ کرم زیورات اور آرائشی چھیدنے کو گھر پر چھوڑ دیں. اگر آپ اس کو اتارنے سے قاصر ہیں، تو نرس اس کو ٹیپ کی مدد سے ڈھانپ دے گی تاکہ اس کو یا آپ کی جلد کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے.
- میک اپ، نقلی پلکیں یا کسی بھی قسم کی سجاوٹ ( نقلی ناخن، جیلس، ایکری لک نیل پالش وغیرہ) سے پرہیز کریں. جب آپ سو رہے ہوں تو نقلی پلکیں آپ کی آنکھوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں اور ناخنوں کی سجاوٹ نگرانی کے آلات کو صحیح طریقے سے کام کرنے سے روک سکتی ہے. اسپتال کے عملے کے ذریعہ انہیں ہٹانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے جس سے آپ کے علاج میں تاخیر ہو سکتی ہے.

## وقت کیسے گزارنا ہے

- اس دوران اکثر بہت انتظار کرنا پڑ جاتا ہے.
- کچھ کرنے کے لیے لائیں (مثال کے طور پر، کتاب، رسالہ یا آپ کا موبائل فون). براہ کرم اپنے ہیڈ فون اور چارجرز کو لانا یاد رکھیں.
- براہ کرم یاد رکھیں کہ انتظار کے اس وقت میں سگریٹ نہیں پینا کوئی چیونگم نہیں استعمال کرنی، اور کھانے پینے سے متعلق ہدایات پر احتیاط سے عمل کرنا ہے.

# اینیستھیٹک لینے کا عمل

- آپ کا اینستھیٹسٹ اکثر آپ کی اینیستھیٹک، آپریشن تھیٹر کے ساتھ والے کمرے میں شروع کرے گا، جسے اینستھیٹک روم کہا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ اس کمرے میں بھی ہو سکتا ہے جہاں آپریشن/ٹیسٹ ہو گا۔
- آپ کا اینیستھیٹسٹ عام طور پر آپ کو کینولا کے ذریعے کچھ دوائیں دے کر آپ کی بے ہوشی کا آغاز کرے گا (اس بارے میں مزید معلومات کے لیے نیچے دیکھیں)۔ غیر معمولی طور پر وہ آپ کو ایسی گیس میں سانس لینے کے لیے کہیں گے جس کی بو کچھ فیلٹ ٹِپ پین کی طرح ہوتی ہے۔ آپ کا اینیستھیٹسٹ آپ کے لیے بہتر طریقہ کار کے متعلق آپ سے، آپ کے والدین یا تیماردار سے بات کریں گے۔
- آپ کے کینولا کے ذریعے دوائی دینا آپ کو بے ہوش کرنے کا تیز ترین طریقہ ہے۔ اگر آپ گیس میں سانس لیتے ہیں، تو آپ کے بے ہوش ہونے کے بعد آپ کو کینولا ڈالنا پڑے گا، تاکہ آپ کے پروسیجر کے دوران اینیستھیٹسٹ آپ کو مزید بے ہوش کرنے والی دوا، درد کش ادویات یا دیگر ادویات اور سیال دے سکے۔ اپنے بے ہوش ہونے سے قبل کسی بھی طریقہ سے آپ ہلکا پھلکا محسوس کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ چاہیں تو، آپ کے والدین/تیماردار اس وقت تک آپ کے ساتھ رہ سکتے ہیں جب تک کہ آپ بے ہوش نہ ہوں۔ اس کے بعد، وہ انتظار گاہ میں یا وارڈ میں آپ کا انتظار کر سکتے ہیں۔ متبادل طور پر، ایک نرس اس وقت آپ کے ساتھ رہے گی جب بے ہوشی کی دوا کام کرنا شروع کر رہی ہو۔

### کینولا

- کینولا ایک پتلی، لچک دار پلاسٹک کی ٹیوب ہے جو عام طور پر آپ کے ہاتھ کی پشت پر ایک رگ میں ڈالی جاتی ہے۔
- کینولا ڈالنے پر آپ کی کسی بھی تکلیف کو کم کرنے کے لیے آپ کے ہاتھ کے پچھلے حصے پر بے حس کرنے والی کریم یا ایک خاص کولڈ سپرے کیا جا سکتا ہے۔
- کینولا ڈالنے کے لیے ایک باریک سوئی کا استعمال کیا جاتا ہے، پھر سوئی کو فوراً نِکال دیا جاتا ہے۔
- جب کینولا اپنی جگہ پر ہو، آپ کی دوائیں مزید سوئیاں استعمال کیے بغیر اس کے ذریعے دی جا سکتی ہیں۔ بعض اوقات یہ تھوڑی سی سردی، جھنجھناہٹ یا ہلکی تکلیف کا سبب بن سکتا ہے۔
- آپریشن کے بعد عام طور پر آپ کا کینولا اپنی جگہ پر چھوڑ دیا جاتا ہے ہوسکتا ہے کہ آپ کو بعد میں درد کش ادویات، سیال یا دیگر ادویات کی ضرورت ہو۔

# اینیستھیٹک لینے کا عمل

- ایک اینیستھیٹسٹ ہر وقت آپ کے ساتھ رہے گا۔
- اینیستھیٹسٹ کا کام آپ کو محفوظ رکھنا ہے اور آپ کو کافی بے ہوشی اور درد سے آرام دلانا ہے تاکہ آپریشن ختم ہونے تک آپ کو بے ہوش رکھا جا سکے۔
- اینیستھیٹسٹ آپریشن کے دوران آپ پر بہت قریب سے نظر رکھتے ہیں (بشمول آپ کے فشارِ خون، دل کی دھڑکن، اور سانس لینا)۔

# بعد میں جاگنا

- آپریشنز/ٹیسٹس سبھی میں مختلف وقت لگتا ہے، لیکن جیسے ہی طریقہ کار ختم ہو جائے گا، اینیستھیٹسٹ آپ کو بے ہوشی کی دوائیں دینا بند کر دے گا۔ یہ آپ کو تقریباً پانچ منٹ بعد بیدار کر دے گا۔
- آپ شاید بحالی کے کمرے میں جاگیں گے لیکن آپ کو پہلے چند منٹ یاد نہیں ہوں گے یا آپ کو بالکل احساس نہیں ہوگا کہ آپ کہاں ہیں۔ تھیٹر ٹیم کا ایک تربیت یافتہ رکن، عام طور پر ایک ریکوری نرس، آپ کی دیکھ بھال کرے گی۔

- اس کے بعد آپ کیسا محسوس کرتے ہیں اس کا انحصار طریقہ کار کی قسم اور آپ کو بے ہوشی کرنے والی دوا پر ہوگا. کچھ لوگوں کو خشک گلہ، سر میں درد یا تھوڑی سی متلی ہو سکتی ہے. آپ کا اینستھیسٹسٹ عام طور پر آپ کو الٹی روکنے کے لیے دوا دے گا، لیکن آپ کچھ پینے یا کھانے کے بعد بھی بہتر محسوس کریں گے. بعض اوقات آپ ذرا سی سردی یا کپکپاہٹ بھی محسوس کرسکتے ہیں. ایسے میں، آپ کو گرم لحاف دیا جائے گا.

### درد کا علاج

- درد کو روکنا اور علاج کرنا ضروری ہے، اور کچھ لوگوں (اور کچھ قسم کے آپریشن) کو دوسروں کے مقابلے میں زیادہ درد سے درد کش دوا کی ضرورت ہوتی ہے.
- درد کے زیادہ ہونے سے پہلے اس کا علاج کرنا آسان ہے، اس لیے جب بھی آپ کو تکلیف محسوس ہونے لگے تو آپ کو اپنی دیکوری نرس یا اینیستھیٹسٹ سے مدد کے لیے کہنا چاہیے، بجائے اس کے کہ یہ مزید خراب ہونے کا انتظار کریں.

### وارڈ میں واپسی

- آپ پہلے بہت تھکاوٹ محسوس کر سکتے ہیں.
- اگر آپ کو کوئی پریشانی ہو تو کسی کو بتائیں تاکہ وہ مدد کر سکیں. ہو سکتا ہے کہ آپ کو گھنٹی دبانا پڑے یا اپنے والدین/تیماردار سے نرس تلاش کرنے کو کہیں.
- آپ کتنی جلدی دوبارہ کھا پی سکتے ہیں اس کا انحصار طریقہ کار اور درد کش ادویات کی قسم پر ہوگا جو آپ نے لیا ہے. آپ کی نرس یا اینستھیٹسٹ آپ کو مشورہ دے سکیں گے.
- آپ اسپتال میں اس وقت تک رہیں گے جب تک کہ گھر جانا آپ کے لئے محفوظ نہ ہو. اگر آپ عام طور پر صحت مند ہیں اور طریقہ کار سیدھا ہے تو بہت سے طریقہ کار کے بعد آپ اسی دن گھر جا سکتے ہیں.

## اینیستھیزیا سے وابستہ خطرات

جدید اینیستھیٹک بہت محفوظ ہیں. مصنوعی بے ہوشی کی دوا یا استعمال ہونے والے آلات کے کچھ عام ضمنی مضر اثرات ہیں، جو عام طور پر سنگین یا دیرپا نہیں ہوتے. آپ کا اینستھیٹسٹ آپ کے ساتھ ان ممکنہ خطرات پر تبادلۂ خیال کرے گا جنہیں وہ آپ کے لئے بہت اہم سمجھتا ہے. آپ ہماری ویب سائٹ پر اینیستھیزیا سے وابستہ ممکنہ خطرات کے بارے میں مزید تفصیلات پڑھ سکتے ہیں جو یہاں مختلف زبانوں میں دستیاب ہے:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages

.

## لوکل اور ریجنل اینیستھیزیا

- بعض اوقات آپ اپنی سرجری کے دوران بیدار رہنے کا انتخاب کر سکتے ہیں. اگر یہ ایک امکان ہے، تو آپ کا سرجن اور/یا اینیستھیٹسٹ آپ اور آپ کے والدین/تیماردار کے ساتھ اس پر بات کریں گے. اس صورت میں، آپ اپنے جسم کے کسی حصے کو بے حس کرنے کے لیے لوکل اینیستھیٹک کے انجیکشن لگا سکتے ہیں تاکہ آپ کو وہاں درد محسوس نہ ہو.
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ بیدار رہنا پسند کر سکتے ہیں، تو آپ اپنی تشخیص میں اس پر بات کر سکتے ہیں.

## اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں

- مزید معلومات کے لئے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں جو مختلف زبانوں میں دستیاب ہے یہاں:www.rcoa.ac.uk/patientinfo/translations#languages .

## دست برداری

ہم اس کتابچہ میں معلومات کو صحیح اور تازہ ترین رکھنے کے لئے سخت کوشش کرتے ہیں، لیکن ہم اس کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ہمیں توقع نہیں ہے کہ یہ عام معلومات ان سارے سوالوں کا احاطہ کر سکیں جو آپ کے پاس ہو سکتے ہیں یا ہر اس چیز کا جواب دے سکیں جو آپ کے لئے اہم ہے۔ اس کتابچہ کو بطور گائیڈ استعمال کر کے، آپ اپنے اختیارات یا پرشانیوں کے بارے میں اپنی طبی ٹیم سے مشاورت کر سکتے ہیں۔ اس کتابچہ کو بذات خود نصیحت نہ سمجھا جائے۔ اسے کسی بھی تجارتی یا کاروباری مقصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مکمل دست برداری کے لئے، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔ (www.rcoa.ac.uk/patient-information/translations/urdu)

تمام ترجمے Translators Without Borders کی مترجم برادری کی طرف سے فراہم کئے جاتےہیں۔ ان ترجموں کا معیار ہر ممکن حد تک صحیح رکھنے کے لئے جانچا جاتا ہے، لیکن پھر بھی چند معلومات کی غلطیوں اور غلط تشریح کا خطرہ رہتا ہے۔

**ہمیں اپنے خیالات سے آگاہ کریں**

ہم اس کتابچہ کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ ہے جو آپ کرنا چاہتے ہیں تو ، براہ کرم انہیں ای میل کریں: patientinformation@rcoa.ac.uk

**Royal College of Anaesthetists**
چرچل ہاؤس، 35 ریڈ لائن اسکوائر، لندن WC1R 4SG
020 7092 1500

# www.rcoa.ac.uk

ساتواں ایڈیشن، اکتوبر 2024

اشاعت کی تاریخ کے تین سال کے اندر اس کتابچے کا جائزہ لیا جائے گا.

**© Royal College of Anaesthetists and Association of Paediatric Anaesthetists of Great Britain and Ireland 2024**

یہ کتابچہ مریض کے لئے معلوماتی مواد تیار کرنے کی غرض سے نقل کیا جا سکتا. براہ کرم اس اصل ماخذ کا حوالہ دیں . اگر آپ اس کتابچہ کا کچھ حصہ کسی دوسری اشاعت میں استعمال کرنا چاہتے ہیں تو مناسب اعتراف ضرور دیا جائے اور لوگو ، برانڈ نگ اور تصاویر کو ہٹا دیا جائے . براہ مہربانی مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کریں.